**نمبر** : 2691

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| کتاب کا نام | : | حدیقۂ احمدی (جدل اول) | | | |
| مصنف | : | سید رضی الدین احمد بخشش عرف بخشو میاں | | | |
| مہر و مالک | : | سید معین الدین یکی از احفاد مصنف | | | |
| سائز | : | 42.5x24 cm | سطور | : | ۲۱ |
| اوراق | : | ۶۳۴ | کاتب | : | خود مؤلف |
| خط | : | نستعلیق | تاریخ کتابت | : | یکم محرم ۱۲۵۸ |
| زبان | : | فارسی | موضوع | : | تاریخ |

ترقیمہ : تمت تمام چمن اول حدیقۂ احمدی بخط مؤلف این حدیقہ بتاریخ غرہ محرم ۱۲۵۷ھ۔

حالت : مجلد، مکمل

نوٹ : حدیقۂ احمدی فارسی میں تصنیف شدہ ایک عالمی تاریخ ہے۔ اس کے مصنف سورت شہر کے بڑے تاجر تھے اور حجاز کے عبیدی خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ حدیقۂ احمدی کا یہ واحد نسخہ اس کتب خانہ کی زینت ہے۔ یہ تاریخ بڑی تختی میں تین ضخیم جلدوں پر مشتمل ہے۔ صفحات کی مجموعی تعداد ۱۸۲۴ ہے۔ خوبی کی بات یہ ہے کہ اس تاریخ کے کاتب بھی خود مصنف ہی ہیں۔ ابتدائے آفرینش سے لے کر تیرہویں صدی تک کی عالمی تاریخ اس کتاب میں درج ہے۔ اس تاریخ کو مرتب کرنے میں مصنف نے عالمی تاریخ سے متعلق ۱۱۲ کتابوں، ہندوستان کی تاریخ سے متعلق ۸۷ کتابوں اور کتب سیر اور دیگر علوم سے متعلق ۲۴۵ کتابوں کو پیش نظر رکھا۔ اس طرح مراجع ومصادر کی کل تعداد ۴۴۴ ہوتی ہے۔

جلد اول جسے مصنف نے 'چمن اول' کا نام دیا ہے اس میں کل ابواب کی تعداد چھ ہے۔ جس میں ذیلی عناوین کی تعداد بے شمار ہیں۔ یہاں جلد اول کی مکمل فہرست درج کی جاتی ہے جس سے کتاب کے مضامین کا بخوبی اندازہ ہوسکے گا:

جلد اول (چمن اول) دراحوال آفرینش عالم وادم وجملہ پیغمبران وحکمایان وبادشاہان ایران وتوران